روح کی جانب توجہ میں کمی کا علاج کیا ہے اور ایک دینی تنظیم سے وابستہ افراد کو اس سلسلے میں کن باتوں کا اہتمام کرنا چاہیے؟۔ محترم ڈاکٹر صاحب کا ارادہ ہے کہ وہ انشاء اللہ اپنی پہلی فرصت میں ان سوالات کی وضاحت میں قلم اٹھائیں گے اور جس طرح ان خطوط کو "حکمت قرآن" کے صفحات میں جگہ دی گئی ہے اسی طرح ان کا وضاحتی جواب بھی قارئین کے افادے کے لیے "حکمت قرآن" ہی میں شائع کیا جائے گا۔ (ان شاء اللہ)

بقیہ: تبصرۂ کتب

ظاہری کا مرقع ـــــ ایسے نسخہ کیمیا سے محرومی بڑی محرومی ہے ـــــ دیر نہ کریں کہ ایسے نسخہ ہائے شفا قسمت سے میسر آتے ہیں۔

گلدستۂ عربی ، اس ادارہ کی ہی دوسری کتاب ہے ۔ انہی مرحوم بزرگ مولانا السید زوار حسین کے سعادت مند فرزند سید فضل الرحمٰن کی مرتبہ خوبصورت کتاب! سید فضل الرحمٰن نے ایک "معجم القرآن" مرتب کی جو چھپ کر علماء و طلباء سے خراجِ تحسین وصول کر چکی ہے۔ یہ ایک سو ساٹھ صفحہ کی کتاب ہے جس میں صرف ونحو ہے۔ اصطلاحات ہیں، تعلیلات ہیں، ضرب الامثال ہیں اور تمرین کے لئے احادیث!

عربی ہماری دینی، علمی، ثقافتی اور روحانی زبان ہے، مسلم دنیا کے رابطہ کی زبان یہی ہے۔ اور اسی کا استحقاق ہے۔ عوام میں اس کا ادراک ہے اور لوگ اس طرف متوجہ ہیں لیکن جدید حالات کی نزاکتوں کے لحاظ سے لٹریچر میسر نہیں تو بااختیاروں کی دوغلی پالیسی خود ایک تماشہ ہے ـــ تاہم اچھی گائیڈ بک کے متلاشی لوگوں کے لئے ایک سرمایہ ہے ۔ اتنی "خوبصورت اور خوب سیرت" کتاب کا ہدیہ محض دس روپے گویا مفت کی بات ہے ۔ ادارہ مجددیہ ۲/۵ - ایچ ناظم آباد ۳ کراچی ۱۸ سے منگوائیں۔

* * * *